30/04/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شمیم اقبال** سے خبریں سُنئے

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کہاہے کہ بجٹ 2025 کے منصوبے زمینی سطح پر بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور ترقیاتی عمل کو ایک نئی رفتار دینے کی ایک کڑی ہے ۔ وہ جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران 2025-26 کا کیپکس بجٹ مرتب کرنے کا جائزہ لے رہے تھے ۔ میٹنگ کے دوران 2024-25 کے کیپکس بجٹ پر ہوئی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا ۔

سکینہ ایتو

تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے جموں میں متعلقہ محکموں کے سربراہوں کی ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں محکمہ سماجی بہبود کی سکیموں کی اثر انگیزی کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ زمینی سطح پر عوامی بہبودی کی سکیموں کی کامیاب عمل آوری یقینی بنانے کےلئے شہریوں کو مقدم رکھنے کی پالیسی اختیار کریں ۔ وزیر موصوفہ نے 2024-25 کے دوران محکمے کی کامیابیوں کے علاوہ 2025-26 کے دوران دِر دستیاب ہوئے جانے والے منصوبوں کے من جملہ امور کا جائزہ لیا ۔

IGP

پہلگام میں22 اپریل کو ہوئے حملے کے بعد وادی کے سبھی علاقوں میں سیاحوں کی سلامتی کےلئے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں۔ سیاحتی مقامات، ہوٹلوں ، بازاروں اور دیگر جگہوں پر سکیورٹی نظام مستحکم کیاگیا ہے۔ اس تعلق سے کشمیر کے انسپکٹر جنرل آف پولیس وی کے بردی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

واضح رہے کہ پہلگام ، گلمرگ ،سونہ مرگ ، جھیل ڈل اور مغل باغات سمیت وادی کے اکثر سیاحتی مقامات سیاحوں کےلئے کھُلے ہیں ،البتہ محض چند ایسے غیر معروف مقامات بند کر دئے گئے ہیں جہاں سیاحوں کی آمد چار ،پانچ فیصد کے برابر تھی ۔

سیاح

دریں اثناءکئی سیاحوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ وہ سلامتی انتظامات سے مطمئن ہیں اور وہ بلا کسی خوف خطر کے یہاں کی خوبصورتی سےلطف اندوزہو رہے ہیں۔

عدولی

پاکستان کی طرف سے مختلف سرحدی علاقوں میں بلا اشتعال فائرنگ کے واقعات کا سلسلہ مسلسل جاری ہے ۔ تازہ واقعات میں پاکستانی فوج نے گزشتہ شب جموں ڈویژن کے نو شیرہ ، سندر بنی اور اکھنور سیکٹروں میں چھوٹے درجے کے ہتھیاروں سے بھارتی چوکیوں کو نشانہ بنایا ۔ اِدھر بارہموّلہ اور کپواڑہ اضلاع کے بعض سرحدی علاقوں سمیت پرگوال سیکٹر سے بھی فائر بندی معاہدے کی عدولیوں کے واقعات پیش آئے ہیں ۔البتہ سرحدوں کی حفاظت پر معمور BSF کے جوانوں نے بھی پاکستانی فائرنگ کا بر وقت اور مناسب جواب دیا ۔

زراعت

محکمہ زراعت بوٹی میں شہد کی پیداوار بڑھانے اور روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے کےلئے متعلقین کو سائنسی طریقے پر مدھو مکھیاں پالنے سے متعلق لازمی تربیت دیتا ہے۔

مشن اور دیگر سکیموں کی پیش رفت کے ضمن میں Beekeeping and Honey وادی میں نیشنل جوائنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹنشن کشمیر سرتاج احمد شاہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

--(Sartaj Ahmad)--

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ